# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## نوٹیفکیشن نمبر94/22

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم ودہم (فرسٹ اینول) 2023ء مورخہ **01-04-2023 سے شروع ہو رہا ہے**۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لیے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم / امتحانی فیس کی وصولی بارے شیڈول حسب ذیل ہے۔

### آغاز امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 2023-04-01

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 20 دسمبر 2022ء تا 18 جنوری 2023ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 19 جنوری 2023ء تا 30 جنوری 2023ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 31 جنوری 2023ء تا 07 فروری 2023ء |

### مذکورہ بالا امتحانات کے سلسلہ میں شرح فیس داخلہ

| گروپ | فیس نہم (پارٹ I) | فیس دہم (پارٹ II) | نہم ودہم (دونوں کلاسز) / کمپوزٹ داخلہ فیس |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ ریگولر | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1400 روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر (بغیر پریکٹیکل) | =/650 روپے | =/650 روپے | =/1300 روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر معہ پریکٹیکل مضامین | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1400 روپے |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ بغیر پریکٹیکل مضمون | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1400 روپے |
| آرٹس گروپ بمعہ پریکٹیکل مضامین، پرائیویٹ | =/750 روپے | =/750 روپے | =/1500 روپے |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | =/750 روپے | =/750 روپے | =/1500 روپے |
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر / پرائیویٹ امیدواران کے لیے | =/700 روپے۔ یہ فیس جماعت دہم کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ | | |
| رجسٹریشن فیس | =/1000 روپے۔ یہ فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر عائد / وصول کی جائے گی۔ | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم و دہم گورنمنٹ / الحاق شدہ ادارے | =/530 روپے فی طالب علم | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم و دہم پرائیویٹ امیدواران | =/530 روپے فی طالب علم | | |

**اہم قواعد و ہدایات:-**

(1) امتحان سیکنڈری سکول (نہم / دہم) سالانہ 2023ء کے لیے ریگولر امیدواران کا تمام Data بورڈ ہذا کی آفیشل Web Site پر Upload کر دیا گیا ہے۔ جس سے ادارہ جات اپنے داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور ان کو مکمل کر کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔

(2) امتحان سیکنڈری سکول (نہم / دہم) سالانہ 2023ء کے لیے پرائیویٹ امیدواران اپنے داخلہ فارم بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ http://www.bisegrw.edu.pk پر آن لائن بھجوانے کے بعد انکی ہارڈ کاپی جو **ایک پرت پر** مشتمل ہوگی کو تصدیق کروا کر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچز میں سے کسی ایک برانچ میں جمع کرائیں۔ بینک اس فارم سے فیس جمع کرانے کی ایک رسید امیدوار کو دے گا اور داخلہ فارم اپنے پاس رکھے گا۔ فیس جمع کرانے کی رسید ہی داخلہ فارم کی وصولی کی رسید تصور ہوگی۔

(3) گورنمنٹ / الحاق شدہ ادارہ جات، بورڈ کی درج بالا آفیشل web-site سے فارورڈنگ لیٹر برائے فنانس انکم کے **دو پرت** ڈاؤن لوڈ کریں گے اور مذکورہ فارورڈنگ لیٹر کے ساتھ اصل بینک چالان منسلک کر کے فنانس انکم سیکشن میں جمع کروائیں گے اور دوسرے پرت پر فارورڈنگ لیٹر برائے امتحانی برانچ پر شعبہ فنانس انکم کے متعلقہ اہلکار سے وصولی لیکر داخلہ فارمز امتحانی برانچ میں جمع کروائیں گے یاد رہے کہ مذکورہ بالا میٹریل پر فنانس برانچ کی طرف سے وصولی کی رسید کو ملاحظہ

جاری ہے..................

کیے بغیر داخلہ فارم کسی بھی صورت امتحانی برانچ میں جمع نہیں ہوں گے۔ نیز ریگولر داخلہ فارم بذریعہ رجسٹری بھجوانے کی صورت میں ہر ادارہ اصل بینک چالان بمعہ فارورڈنگ لیٹر برائے فنانس انکم بنام اسسٹنٹ/ڈپٹی سیکرٹری فنانس BISE گوجرانوالہ کوارسال کریں۔

(4) حکومت پنجاب نے پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران کو رجسٹریشن اور امتحانی فیس سے مستثنیٰ قرار دیا ہوا ہے۔ تاہم

(i) اگر کسی امیدوار کا داخلہ فیس شیڈول کے مطابق دوسرے یا تیسرے فیز میں آیا تو اس سے مروجہ شیڈول کے تحت فیس وصول کی جائے گی۔

(ii) گورنمنٹ اور الحاق شدہ ادارہ جات اپنے ریگولر امیدواران برائے جماعت نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/530 روپے فی طالبعلم جمع کرائیں گے۔

(iii) پرائیویٹ امیدواران برائے امتحان نہم کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/530 روپے کے ساتھ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(iv) ریگولر امیدواران جو جماعت نہم کے امتحان میں فیل ہونے کے بعد دوبارہ جماعت نہم میں Re-Admit ہوں وہ بھی داخلہ فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/530 روپے جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ جماعت نہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/530 روپے جمع کروائیں گے۔

(5) پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران جو کلاس دہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/530 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/700 روپے جمع کروائیں گے۔

(6) پرائیویٹ سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے اور پرائیویٹ امیدواران پروسیسنگ فیس مبلغ =/530 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/700 روپے کے علاوہ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(7) ایسے Re-Appear امیدواران جو ایک یا دو فیل شدہ مضمون/مضامین کا امتحان دے رہے ہیں جن کا پریکٹیکل نہیں ہے مگر اس سے پہلے وہ پریکٹیکل والا مضمون پاس کر چکے ہیں تو انہیں سائنس گروپ کیٹیگری میں داخلہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

(8) امتحان میں دوبارہ شامل ہونے والے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران اپنا سابقہ رولنمبر بمعہ سال کے ساتھ بورڈ ہذا کی ویب سائٹ سے اپنا داخلہ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

(9) داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچز میں سے کسی ایک برانچ میں وصول ہونا لازمی ہے۔

(10) جمع شدہ فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔

(11) کوئی بھی ادارہ/امیدوار (Double) داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہ ہوگا۔ ایسا کرنے پر بورڈ ہذا کے نوٹیفکیشن نمبر 46/17 مورخہ 17-10-26 کے تحت ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(12) سربراہ ادارہ جات سے گذارش ہے کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط و نشان انگوٹھا ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ ادارہ کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(13) سربراہ ادارہ جات سے اس امر کو یقینی بنانے کی بھی درخواست ہے کہ وہ فون نمبر/موبائل نمبر کے کالم میں امیدوار کا فون نمبر یا اس کے والد/گارڈین کا فون نمبر ہی درج کریں۔ نیز ہر امیدوار کے داخلہ فارم پر ب فارم نمبر اور والد کا شناختی کارڈ نمبر بھی درست درج کریں۔

(14) درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

(15) ایسے امیدواران جو دہم میں شامل امتحان ہو چکے ہوں وہ صرف جماعت نہم کا نہ تو داخلہ فارم دوبارہ بھجوا سکتے ہیں اور نہ ہی امتحان دے سکتے ہیں۔

(16) جملہ ریگولر/پرائیویٹ امیدواران دوران امتحان کرونا کی صورت میں COVID-19 کے SOP'S پر عمل درآمد کے پابند ہوں گے۔

(17) ایسے امیدواران جو ایڈمشن فیس آن لائن سسٹم (JazzCash, EasyPaisa, Konnect/1BillLink) کے تحت جمع کروائیں گے اپنے داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی بمعہ فیس کی ادائیگی کا سکرین شارٹ بذریعہ ڈاک/دستی گوجرانوالہ بورڈ کی ون ونڈو برانچ کو ارسال/جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ مزید یہ کہ امیدوار داخلہ فیس جمع کروانے کے بعد Transaction ID گوجرانوالہ بورڈ کی آفیشل ویب ایڈمیشن پورٹل پر درج کر کے Submit کرے گا۔ Submit نہ کرنے کی صورت میں رولنمبر سلپ جاری نہیں ہوگی۔ اور رولنمبر سلپ کے حصول کے لئے نئے شیڈول کے مطابق دوبارہ فیس جمع کروانا ہوگی۔ نیز داخلہ فیس HBL بینک میں جمع کروانے کی صورت میں داخلہ فارم بھی بینک میں جمع ہوگا۔

(18) پرائیویٹ امیدواران اپنی رولنمبر سلپ آن لائن سسٹم کے تحت بورڈ کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

۔دستخط۔

**(پروفیسر محمد نعیم بٹ)**

کنٹرولر امتحانات

**اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)**

مورخہ: 22-12-2022

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ، پاکستان

2۔ گوجرانوالہ بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز/سیکنڈری سکولز کے سربراہان

3۔ جناب اسٹیشن کمانڈر، گوجرانوالہ کینٹ 4۔ جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ

5۔ جناب مینجر، حبیب بینک لمیٹڈ بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں

6۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ) 7۔ داخلی تقسیم